# گھوڑوں کے دوڑ کے مقابلوں کیلئے میدان کے اجازت نامہ کا قانون مجریہ 1912

## (سندھ قانون نمبر III، 1912)

مغربی پاکستان کے صوبہ میں گھوڑوں کے ریس/دوڑ کے مقابلوں کیلئے میدان کی فراہمی کے اجازت نامے کیلئے ایک قانون۔

لہٰذا بذریعہ تحریر ہٰذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے۔

1۔ (۱) یہ قانون سندگھڑ دوڑ، 1912 کہلائے گا۔

(۲)۔ یہ دفعہ پورے [صوبہ مغربی پاکستان سوائے قبائلی علاقہ جات] میں لاگو ہوگا۔ باقی قانون صرف اُن علاقوں میں لاگو ہوگا جسکا [صوبائی حکومت] [سرکاری جریدہ] میں اعلامیہ جاری کرے۔

2۔ اس قانون میں۔

(الف) ''گھڑ دوڑ'' سے مراد کوئی دوڑ جس میں گھوڑا، گھوڑی، یا خصی گھوڑا کے دوڑنا یا کسی بھی قسم کے انعام کی خاطر گھوڑا، گھوڑی یا خصی گھوڑا دوڑانا، جس کے لئے بیس سے زیادہ افراد موجود ہو۔

(ب) ''ریس کورس'' سے مراد کوئی بھی میدان جہاں پر گھڑ دوڑ منعقد ہوتی ہے۔

3۔ (۱) کوئی بھی گھڑ دوڑ جس کو اس قانون کے تحت اجازت نہ دی گئی ہو ریس کورس میں منعقد نہ ہوگی۔

(۲) سند کے شرائط [سرکاری جریدہ] میں شائع ہونگے۔

4۔ (۱) ریس کورس کا مالک، پٹہ دار یا قابض شخص [صوبائی حکومت] کو ایسے ریس کورس پر گھڑ دوڑ کے اجازت نامہ کیلئے درخواست کر سکتا ہے۔

(۲) [صوبائی حکومت] جو شرائط اور وقت مناسب سمجھنے کیلئے کوئی لائسنس معطل یا منسوخ کر سکتی ہے۔

[تاہم ان شرائط میں سے ایک شرط یہ ہوگی کہ کوئی بازی یا شرط گھر دوڑ پر نہیں لگائی جائی گی۔

(۳) [صوبائی حکومت] ایسے سند کے ذریعے پٹہ دار کو اجازت دے سکتی ہے جو [صوبائی حکومت] نے ایسے سند میں شرائط مقرر کئے ہو۔

(۴) [صوبائی حکومت] سند کے شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں کسی بھی وقت اس قانون کے تحت جاری شدہ سند کو منسوخ کر سکتی ہے۔

5۔ جو کوئی ایسے ریس کورس پر گھر دوڑ میں شرکت کرتا ہے جسکی سند اس قانون کے دفعہ 4 کے تحت نہیں دی گئی ہے تو ایسے شخص کو جرمانہ جو دو سو روپے ہو سکتا ہے ہوگا۔

6۔ اگر کوئی گھڑ دوڑ ایسے ریس کورس پر منعقد ہو جس کو اس قانون کے دفعہ 4 کے تحت سند نہ دیا گیا ہو تو کوئی بھی شخص جو ریس کورس کا مالک، پٹہ دار یا قابض ہوگا اُس جرمانہ کی سزا جو کہ ایک ہزار روپیہ ہو سکتی ہے۔ ہوگا۔

7۔ (ا) جب کسی شخص کو اس قانون کے دفعہ 4 کے تحت سند دی گئی ہو اور وہ سند کے شرائط کی خلاف ورزی کرے جن شرائط پر جاری کیا گیا ہے، تو ایسے شخص کو جرمانہ کی سزا جو ایک ہزار روپے ہو سکتی ہے ہو گا۔

(۲) کوئی بھی شخص جس کو اس قانون کے دفعہ 4 کے ذیلی دفعہ 3 کے تحت کوئی سند یا اجازت نامہ دیا گیا ہو اور جن شرائط کے تحت سند یا اجازت نامہ جاری ہوا ان کی خلاف ورزی کرے تو ایسے شخص کو جرمانہ کی سزا جو ایک ہزار روپیہ ہو سکتی ہے ہو گا۔

8۔ مجسٹریٹ درجہ اول سے کم درجہ کی کوئی عدالت اس قانون کے تحت جرائم کی شنوائی نہیں کر سکتا۔

9۔ [صوبائی حکومت] وقتاً فوقتاً اپنے عام یا خاص حکم کے تحت جو کہ [سرکاری جریدہ] میں شائع ہو گا کسی گھڑ دوڑ کو اس قانون سے مستثنیٰ قرار دے سکتی ہے۔